© rasailojaraid.com

رباعیات

از جناب لطیف انور صاحب گورداسپوری

ہر پھول کو ہر کانٹے میں تولا ہم نے ہر رنگ میں فطرت کو ٹٹولا ہم نے
کچھ اور الجھتا ہی گیا اے انورؔ اس راز کو جسقدر بھی کھولا ہم نے

(۲)

جب اپنے قریب آپ ہو جاتا ہوں میں اپنا رقیب آپ ہو جاتا ہوں
رہتی نہیں احتیاجِ غیر اے انورؔ دکھ آپ، طبیب آپ ہو جاتا ہوں

(۳)

کانٹے تو بہت راہ میں ٹوٹے ابتک کیا کیا نہ مزے درد کے لوٹے ابتک
لیکن نہیں معلوم کہ اے ذوقِ سفر کیوں پاؤں کے چھالے نہیں پھوٹے ابتک

رمضان المبارک کے لئے خاص رعایت

حمائل شریف (خورد) یورپ کے کتبخانے مشرقی جواہراتِ علمیہ سے مالا مال ہیں، ہم اس علمی ورثہ سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے لیکن چند علم دوست ایرانیوں نے اس طرف توجہ کی اور مطبع کاویانی کے نام سے ایک مطبع اور دار الاشاعت قائم کرکے فارسی، عربی، ترکی وغیرہ کے چند نسخوں کو شائع کیا یہ حمائل شریف بھی اس مطبع کی مطبوعہ ہے کاغذ اور چھپائی انگلستان، ہالینڈ، شام، مصر سے جیسی کتابیں چھپ کر نکلتی ہیں ان سے اعلیٰ ہے، سائز جیبی ہے۔ پہلے ہدیہ تین روپئے تھا۔ اب ایک روپیہ کردیا گیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ مسلمان فائدہ اٹھا سکیں۔

ملنے کا پتہ:۔ مکتبہ جامعہ دہلی، قرول باغ

© rasailojaraid.com